پریس ریلیز

شیل، اوبر اور معاون کے مابین جدید فیول مینجمنٹ سولوشن کے لیے معاہدہ طے پا گیا

کراچی، **29** جولائی، **2021**: شیل پاکستان لمٹیڈ، اُوبر (Uber) اور معاون (Muawin) کے درمیان جدید فیول مینجمنٹ سولوشن کے لیے معاہدہ طے پا گیا ہے جس کے تحت کیشیو فنانشل سروسز کے ذریعے اُوبر پارٹنر ڈرائیورز کو بے مثال فیچرز والا فیول مینجمنٹ سولوشن فراہم کیا جائے گا۔

اِس تعاون کی صورت میں، اوبر پارٹنر ڈرائیورز کو کیشیو فنانشل سروسز کے معاون کے ذریعے فیول فنانسنگ تک رسائل حاصل ہوگی تاکہ وہ شیل اسٹیشنز پر اپنی موبلیٹی کی ضرورتیں پورا کرسکیں۔ ٹیکنالوجی پر کام کرنے والے فنانسنگ اور انفرادی شیل فلیٹ کارڈز کے ذریعے اوبر پارٹنر ڈرائیورز شیل فیول اسٹیشنوں پر باسہولت آفرز کی وسیع رینج سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ اس آفر کو لیوبریکنٹس اور کار واش پر بھی غیر معمولی ڈسکاؤنٹس کے ذریعے بھرپور بنایا گیا ہے جن کے ساتھ دیگر زبردست پروموشنز میں شرکت کے مواقع بھی دستیاب ہیں۔

شیل فلیٹ کارڈز ون اسٹاپ سولوشن فراہم کرتے ہیں تاکہ مہارت اور ٹولز کی وسیع رینج کی مدد سے فلیٹ کا انتظام زیادہ عمدگی سے اور موثر انداز میں کیا جا سکے۔ سڑک پر ایک بااعتماد پارٹنر، اور انگلیوں پر دستیاب اسمارٹ معلومات کے ذریعے کے طور پر، شیل فلیٹ کارڈ کے ساتھ کسٹمرز اپنے فلیٹ کی کارکردگی میں اضافہ کرسکتے ہیں جو پہلے ممکن نہیں تھا۔

وسائل رکھنے والے اِن تین اداروں کے درمیان تعاون کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان میں ہیڈ آف شیل فلیٹ سولوشنز طلحہ شبیہ نے کہا: ''ہمیں اُوبر اور کیشیو فنانشل سروسز کے معاون جیسے جدید اداروں کے ساتھ کام کرنے پر خوشی ہے۔ ہماری متنوع تیکنکی مہارت اور عمدگی کے ملاپ سے ہم اپنے فرنٹ لائن سروس پرووائیڈرز کو بااختیار بنانے کے لیے منظّم اور انقلابی سہولتوں کی فراہمی کا عہد کرتے ہیں جس سے کمیونٹی میں بھی بڑے پیمانے پر ویلیو میں اضافہ ہوگا۔''

اُوبر پاکستان کے کنٹری ہیڈ، شاہد خان نے کہا: ''ہمارے پارٹنر ڈرائیورز اوبر کے آپریشنز کا لازمی حصہ ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ شیل اور کیشیو فنانشل سروسز کے معاون کے ساتھ یہ تعاون، کیش فلو مینجمنٹ سولوشنز اور آزادی اور لچکداری کے ذریعے اُنھیں مالی شمولیت اور سہولت کے قابل بنائے گا اور اس سے اُنھیں اوبر پلیٹ فارم کے ذریعے آزادی اور لچک بھی حاصل ہوگی۔''

معاون کے مشترک بانی سید ہاشم علی نے کہا: ''اُوبر کے انٹرپرائزنگ پارٹنر ڈرائیورز کو فنانسنگ کی خدمات تک آسان رسائی کے ذریعے بااختیار بنانے میں اپنے کردار پر فخر ہے۔ کیش کی رکاوٹ میں کمی سے اُنھیں استحکام حاصل کرنے میں مدد ملے گی اور وہ مزید رائیڈز مکمل کرنے پر توجہ رکھ سکیں گے اور اس طرح اُن کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ ہم اس بات پر بہت پُرجوش ہیں کہ شیل اور اوبر کے ساتھ ہماری شراکت کے کمیونٹی پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور توقع کرتے ہیں کہ اس میں پورے ملک میں اضافہ ہوگا۔''

اوبر کا قابل تعریف عالمی پلیٹ فارم تمام سفر کرنے والوں کو کسی رکاوٹ کے بغیر پارٹنر ڈرائیورز کے ساتھ مربوط کرتا ہے اور آسانی پیدا کرتا ہے۔ کمپنی، جن کمیونیٹیز میں کام کرتی ہے ان کی بہتری کو ترجیح دیتی ہے اور اپنی ٹیکنالوجی سروسز کے ذریعے افراد کو معاشی مواقع فراہم کرتی ہے اور حرکت کے ذریعے بااختیار بناتی ہے۔

ملک کی شمولیتی شرح میں بہتری کے لیے مدد فراہم کرنا کیشیو فنانشل سروسز کے معاون میں اہم قدر ہے؛ کمیونٹی کو بڑے پیمانے پر باضابطہ فنانشل سسٹم سے مربوط کرنا اُنھیں اقتصادی گنجائش سے فائدہ اٹھانے میں مدد کرے گی۔ اوبر اور شیل کے ساتھ اس شراکت کے ذریعے، کیشیو فنانشل سروسز کے معاون کو اوبر پارٹنر ڈرائیورز کو سفر کے دوران فنانس تک آسان تر اور زیادہ مستحکم رسائی فراہم کرنے کی توقع ہے۔

☆☆☆